کیا آپ کو کیئرر (carer) بننے کے لیے معاونت درکار ہے؟

کیئررز وکٹوریہ مدد کر سکتا ہے۔ ہم بطور کیئرر آپ کی مشکلات کو سنیں گے اور ہم آپ کو درکار مدد سے جوڑ سکتے ہیں۔

کیئررز وکٹوریہ درج ذیل خدمات فراہم کرتا ہے:

- اس بارے میں معلومات کہ آپ کے زیرنگرانی شخص کے لیے خدمات کیسے تلاش کی جائیں
- اس بارے میں معلومات کہ آپ اپنے لیے معاونت کیسے حاصل کر سکتے ہیں
- کیئررز کے لیے کاؤنسلنگ

مدد حاصل کرنے کے لیے کیئررز وکٹوریہ کو آج ہی 845 514 1800 پر کال کریں۔
آپ زبانی مترجم طلب کر سکتے ہیں۔

کیئرر سے کیا مراد ہے؟

کیئرر سے مراد وہ شخص ہے جو کسی ایسے شخص کو بلا معاوضہ مدد فراہم کرتا ہے جسے دائمی بیماری، معذوری، ذہنی صحت کی پریشانی، یا دیکھ بھال کی ضروریات رکھنے والے ایک معمر فرد کے طور پر مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

گھرانے کا ایک فرد، دوست یا کمیونٹی کا رکن کیئرر کا کردار ادا کر سکتا ہے۔ وکٹوریہ میں 700,000 سے زائد کیئررز ہیں۔

کئی لوگ اپنے آپ کو کیئرر نہیں سمجھتے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ جو دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں وہ اس شخص کے ساتھ ان کے تعلقات کا ایک عام حصہ ہے۔

کچھ لوگ بطور کیئرر بہت مطمئن ہوتے ہیں۔ وہ اپنا زیادہ تر وقت اس شخص کے ساتھ گزارنے کا انتخاب کرتے ہیں جس کی وہ دیکھ بھال کر رہے ہیں۔

جبکہ کئی لوگ یہ محسوس کرتے ہیں کہ ان سے دیکھ بھال کی توقع کی جاتی ہے۔ وہ محسوس کرتے ہیں کہ ان کے پاس کیئرر کے کردار کے علاوہ کوئی اور انتخاب نہیں ہے، اور ان کی بہت سی دوسری ذمہ داریاں یا اپنی ذاتی ضروریات ہوسکتی ہیں۔

کیئرر کا کردار نبھانا مشکل ہو سکتا ہے۔ کیئررز وکٹوریہ آپ کی مدد کے لیے موجود ہے۔

3246 MAY 2023 URDU